3487 ـ زمزم کے ساتھ طہارت کرنی

سوال

زمزم کے پانی سے طہارت کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہمارے نزدیك زمزم کے پانی سے طہارت کرنی مکروہ نہیں، امام احمد رحمہ اللہ کے علاوہ اکثر علماء کرام کا یہی کہنا ہے، ہماری دلیل (اس کی) دلیل یہ ہے کہ اس میں کوئی نہی ثابت نہیں ہے، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کا یہ فرمان ثابت ہے:

" پانی پاك ہے اسے کوئی چیز پلید نہیں کرتی "

اور عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے جو زمزم کے پانی سے غسل کرنے کی ممانعت کے متعلق کہا جاتا ہے، وہ عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے ثابت نہیں.